## (قَدْ) حَرفُ اَلتَوَقُّع واَلتَقْرِيب و التحقيق أو التأكيد و اَلتَقْلِيلْ

"قَد" کانام حَرفُ اَلتَوَقُّع واَلتَقْرِيب و التحقيق أو التأكيد و اَلتَقْلِيلْ ہے۔

یہ فعل ماضی اور فعل مضارع دونوں سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ "قَد" اعرابی لحاظ سے غیر عامل حرف ہے۔ مگر معنوی طور پر مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ حرف قَدْ ہر فعل سے پہلے استعمال نہیں ہوتا اس کی کچھ شرائط ہیں۔ خواہ یہ فعل ماضی ہو خواہ مضارع ہو

Qad is named as Herf Attawaqqu (anticipation) wa Attaqreeb (closeness) wa Attahqeeq (certainty) auw Attaakeed (emphasis) wa Attaqleel (reduction/decrease). It precedes both Fa'il Madi and Fa'il Mudare'. It is a non-causative particle concerning Ea'raab but is used in various meanings. Herf Qad is not used before every verb. There are some conditions, whether it is Fa'il Madi or Mudare'.

ایسے فعل کے ساتھ آتا ہے جو کہ متصرف ہو جامد نہ ہو اور مثبت ہو اور کسی ناصب اور جازم عامل سے اور حروف تنفیس سے خالی ہو۔

It occurs before a Fa'il which is Mutasarrif (can be inflected) not Jaamid (has no inflection), is Musbat (affirmative) and is not prefixed by a Herf Tanfees (future particle) nor a Naasib (subjunctive particle) nor a Jaazim (jussive particle).

**حَرفُ اَلتَوَقُّع:** اسے حرف توقع اس لیے کہتے ہیں کہ اس کے ذریعے ایسی بات کی خبر دی جاتی ہے جس کے وجود کی امید ہو، توقع ہو شک یا گمان ہو۔

Herf Attawaqqu (anticipation): It is called Herf Attawaqqu because it informs about something which is expected or likely to exist, assumed to exist.

**حَرفُ اَلتَقْرِيب:** اسے حرف قریب اس لیے کہتے ہیں کہ جب یہ ماضی سے پہلے آتا ہے تو ماضی میں ماضی قریب کا معنی پیدا ہو جاتا ہے۔

Herf Attaqreeb (closeness): It is called Herf Attaqreeb because when it occurs before Madi, it denotes that the event has not taken place in distant past.

**حَرفُ اَلتَقْلِيلْ:** اسے حرف تقلیل اس لیے کہتے ہیں کہ جب یہ مضارع سے پہلے آتا ہے تو تب مضارع کبھی کبھار کا معنی دیتا ہے۔

Herf Attaqleel (reduction/decrease): It is named as Herf Attaqleel because when used before Mudare', it denotes that the event seldom takes place.

**حَرفُ التحقيق أو التأكيد:** اسے حرف تحقیق اور تاکید اس لیے کہتے ہیں کہ اس کے ذریعے خبر دینے والا اپنی بات میں یقین پیدا کرتا ہے اور بات کو پختہ کرتا ہے۔

Herf Attahqeeq (certainty) auw Attaakeed (emphasis): It is Herf Attahqeeq auw Attaakeed as the one who informs wants to show certainty, surety and emphasis.


© copy rights reserved

# فعل ماضی میں قد کے معانی

The meaning of Qad in Fa'il Madi

فعل ماضی میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک معنی دیتا ہے۔

In Fa'il Madi Qad gives one of the following meanings:

(1) حرف توقع قد یہ ماضی میں داخل ہو کر ماضی کو حال کے قریب کر دیتا ہے۔ کیونکہ قد ماضی قریب کے لیے استعمال ہوتا ہے اسلیے اس کو "حَرفُ لتقرِیبِ الماضِی" بھی کہتے ہیں۔ جب ماضی قریب کا معنی لینا ہو تو اس پر قد لانا لازمی ہے۔ تاکہ ماضی میں حال کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔

It denotes the anticipation of the event taking place in near past and bringing it closer to the present. That's why it is called Herf Attaqreeb. When the meaning of near past is to be denoted then it is necessary to use Qad so that the past has the sense of present.

قَدْ قامتْ الصَّلَاۃ Prayer is established أَيْ قَدْ حَانَ وَقْتُ أَدائِھا اس کی ادئیگی کا وقت قریب ہو گیا۔

The time to perform it is close.

اس مثال میں جب جماعت کھڑی ہو جاتی ہے تو اقامت کے یہ الفاظ کہے جاتے ہیں۔ اس میں نماز کے ادا کرنے کے وقت کے قریب ہونے جانے کا پیغام دیا جاتا ہے۔ اور قریب ہونے کا معنی "(قَدْ) حَرفُ التَّوَقُّع والتَّقْرِیب" دے رہا ہے۔

In this example: When the congregation for Salah is established, these words of Iqamah are pronounced. It denotes that the time to establish Salah is close. This meaning of closeness is given by Herf Attawaqu wa Attaqreeb Qad.

(2) کبھی قَدْ فعل ماضی کے ساتھ تحقیق (بات کو پختہ کرنا) یا تاکید کے معنی دیتا ہے۔

اور تقریب کے معنی سے خارج ہوتا ہے۔ قد کا تاکید کے لیے اس وقت ہوتا ہے۔ کہ جب وہ فعل ماضی جس پر قد داخل ہے وہ کسی سوال کے جواب میں ہو مثلاً سوال ہے، ھَلْ قَامَ خَالِدٌ ؟ کیا خالد کھڑا ہوا؟ اس جواب میں کہا جائے گا

قَد قَامَ خَالِدٌ تحقیق خالد کھڑا ہوا The question "Did Khalid stand up?

اس جملے میں سوال کرنے والے کو یقین دلانے کے لیے قد تاکید کے لیے ہے اور تقریب کے معنی سے خارج ہے۔

It denotes certainty or emphasis. In that case it is devoid of Taqreeb (closeness). Qad is for Takeed (emphasis) when the Fa'il Madi is an answer to a question. e.g. The question "Did Khalid stand up?" will be answered "Indeed Khalid stood up." In this sentence Qad is used to assure the questioner and it does not have the meaning of closeness.


© copy rights reserved

## فعل مضارع میں قد کے معانی

The meaning of Qad in Fa'il Mudare.

فعل مضارع میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک معنی دیتا ہے۔- Qad gives one of the following meanings:

### 1. يُفِيدُ التَّقلِيلَ مَعَ الْمُضَارِع :

قد عموماً فعل مضارع میں "تقلیل" کیلیے آتا ہے۔یعنی مضارع میں "کبھی کبھار" کا معنی پیدا ہو جاتا ہے۔

In Fa'il Mudare' Qad usually occurs for Attaqleel (reduction). It gives the meaning of 'seldom'. e.g.

قَدْ يَصْدُقُ الْكَذُوبُ — جھوٹا آدمی کبھی کبھار سچ بولتا ہے۔ — A liar seldom speaks the truth.

إِنَّ الجَوَّادَ قَدْ يَبْخَلُ — سخی آدمی کبھی کبھار بخل کرتا ہے — A generous man is seldom miserly.

### 2. حَرْفٌ يُفِيدُ لِلتَّحْقِيقِ مَعَ الْمُضَارِع:

اور کبھی قد فعل مضارع میں تحقیق کے معنی کے لیے آتا ہے تب تقلیل کے معنی سے خارج ہوتا ہے ۔

Sometimes Qad occurs in Fa'il Mudare' for Attahqeeq (certainty). Then it does not denote closeness.

﴿قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُم﴾ (البقرة:26)

تحقیق اللہ تم میں سے روکنے والوں کو جانتا ہے

Verily Allah knows the hinderers among you.,

### 3. حَرْفٌ يُفِيدُ التَوَقُّعَ مَعَ الْمُضَارِع :

قَد کبھی فعل مضارع سے پہلے آکر کسی کام کے واقع ہونے کی امید یا شک گمان کا معنی بھی دیتا ہے۔

3) Sometimes the occurrence of Qad before Fa'il Mudare denotes hope or assumption of an event taking place.

قَدْ يَنْزِلُ الْمطَرُ — بارش ہونے کی توقع (امید) ہے۔ — It is expected that it will rain.

قَدْ يَعُودُ إِلَى رُشْدِهِ — توقع (امید) ہے وہ اسکی ہدایت کیطرف لوٹ آئے۔ — It is hoped that he will revert to His guidance.


© copy rights reserved